© rasailojaraid.com



# زائرینِ حرم کی خدمت میں

مبارک صد مبارک زائرینِ مسکنِ نبوی    مبارک ہو تمہیں، دیدِ بہارِ گلشنِ نبوی
خوشا، حاصل ہوا اعزازِ دیدارِ حرم تم کو    نوازا ذاتِ باری نے بہ اندازِ کرم تم کو
خوشا وہ لب لیا ہے جس نے بوسہ سنگِ اسود کا    خوشا وہ آنکھ دیکھا جس نے جلوہ سبز گنبد کا
خوشا قسمت کہ توفیقِ عبادت تم نے پائی ہے    درِ اقدس پہ سجدوں کی سعادت تم نے پائی ہے
خوشا وہ عزمِ کامل، جانبِ کعبہ جو لے پہنچا    لبِ دریائے رحمت تشنۂ زمزم کو لے پہنچا
خوشا اوجِ مقدر تم حرم سے ہو کے آئے ہو    ردائے قلب سے داغِ معاصی دھو کے آئے ہو

بفضلِ ایزدی پائی ہے جو دولت ریاضت کی
خدا توفیق بخشے اب تمہیں اس کی حفاظت کی

جناب راسخ عرفانی

© rasailojaraid.com